**NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT**
**ORDERS OF THE DAY**

for the meeting of the National Assembly to be held on Tuesday, the 11th February, 2025 at 2:00 p.m.

**1.** *Tilawat, Hadith, Naat* and national anthem.

## CALLING ATTENTION NOTICE

**2. MS. NUZHAT SADIQ MS. ASIYA NAZ TANOLI** to invite attention of the Minister for Economic Affairs to a matter of urgent public importance regarding suspension of U.S. foreign aid programs leading to closure of over 60 essential public health facilities, causing grave concern amongst the public.

## INTRODUCTION OF BILLS

**3. MS. SHAHIDA REHMANI** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Pakistan Environmental Protection Act, 1997 [The Pakistan Environmental Protection (Amendment) Bill, 2025].

**4.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**5. MS. SHARMILA SAHIBA FARUQUI HASHAAM** to move for leave to introduce a Bill to provide compulsory blood test for proposed spouse for Thalassemia [The Islamabad Capital Territory Compulsory Thalassemia Screening Bill, 2025].

**6.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**7. DR. NAFISA SHAH** to move for leave to introduce a Bill to provide for the Corporate Social Responsibility in Profit-making Companies [The Corporate Social Responsibility Bill, 2025].

**8.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**9. RANA MUHAMMAD QASIM NOON** to move for leave to introduce a Bill to provide for the establishment of Orbit Institute of Management and Technology [The Orbit Institute of Management and Technology Bill, 2025].

**10.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**11. MR. SOHAIL SULTAN** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 and the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2025].

**12.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**13. SAHIBZADA SIBGHATULLAH** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Civil Servants Act, 1973 [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2025].

**14.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**15. MR. SOHAIL SULTAN** to move for leave to introduce a Bill to provide for the protection of parents [The Protection of Parents Bill, 2025].

**16.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**17. MS. SHAHIDA REHMANI** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Islamabad (Preservation of Landscape) Ordinance, 1966 [The Islamabad (Preservation of Landscape) (Amendment) Bill, 2025].

**18.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**19. MR. USAMA AHMED MELA**
**MR. MUHAMMAD MOBEEN ARIF** to move for leave to introduce a Bill to amend the Peaceful Assembly and Public Order Act, 2024 [The Peaceful Assembly and Public Order (Amendment) Bill, 2025].

**20.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**21. MR. NAVEED AAMIR** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Amendment) Bill, 2025] (Article 59).

**22.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**23. MS. SHARMILA SAHIBA FARUQUI HASHAAM** to move for leave to introduce a Bill to establish an effective system of protection, relief and rehabilitation of women, children and any vulnerable person against domestic violence [The Domestic Violence (Prevention and Protection) Bill, 2025].

**24.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**25. MR. USAMA AHMED MELA**
**MR. MUHAMMAD MOBEEN ARIF** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Civil Servants Act, 1973 [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2025] (Section 14).

**26.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**27. MS. SHARMILA SAHIBA FARUQUI HASHAAM** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Publication of Laws of Pakistan Act, 2016 [The Publication of Laws of Pakistan (Amendment) Bill, 2025].

**28.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**29. MR. USAMA AHMED MELA**
**MR. MUHAMMAD MOBEEN ARIF** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Trade Development Authority of Pakistan Act, 2013 [The Trade Development Authority of Pakistan (Amendment) Bill, 2025.

**30.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

## MOTION

**31. CH. MAHMOOD BASHIR VIRK,** Chairman Standing Committee on Law and Justice to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Amendment) Bill, 2024] (Article 9-A), till today be condoned. (Moved by Mr. Amjad Ali Khan, MNA)

## PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**32. CH. MAHMOOD BASHIR VIRK,** Chairman Standing Committee on Law and Justice to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Amendment) Bill, 2024] (Article 9-A).

## MOTION

**33. CH. MAHMOOD BASHIR VIRK,** Chairman Standing Committee on Law and Justice to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Amendment) Bill, 2024] (Article 198), till today be condoned. (Moved by Mr. Changaze Ahmad Khan, MNA)

## PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**34. CH. MAHMOOD BASHIR VIRK,** Chairman Standing Committee on Law and Justice to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Amendment) Bill, 2024] (Article 198).

## LEGISLATIVE BUSINESS

**35. MS. ROMINA KHURSHID ALAM** to move that the Bill further to amend the Members of Parliament (Salaries and Allowances) Act, 1974 [The Members of Parliament (Salaries and Allowances) (Amendment) Bill, 2025], as passed by the Senate, be taken into consideration at once.

**(Amendment entered in a separate list to be moved)**

**36. MS. ROMINA KHURSHID ALAM** to move that the Bill further to amend the Members of Parliament (Salaries and Allowances) Act, 1974 [The Members of Parliament (Salaries and Allowances) (Amendment) Bill, 2025], be passed.

**37. RANA MUHAMMAD QASIM NOON** to move that the Bill to establish the International Examination Board [The International Examination Board Bill, 2024], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**38. RANA MUHAMMAD QASIM NOON** to move that the Bill to establish the International Examination Board [The International Examination Board Bill, 2024], be passed.

## AMENDMENTS TO THE RULES OF PROCEDURE AND CONDUCT OF BUSINESS IN THE NATIONAL ASSEMBLY, 2007

**39. SYED RAFIULLAH** to seek leave under sub-rule (4) of rule 293 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 to move the following amendments in the said Rules:-

**(1) Amendment in Rule 2 of the Rules of Procedure.-** that in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, in Rule 2.-

(1) in the definition of "Minister", the expression "**or a Parliamentary Secretary in respect of any function delegated or entrusted to him by a Minister", shall be omitted.**

(2) after the definition of "Parliament House", the following new definition, shall be inserted, namely.-

**"Parliamentary Secretary"** refers to a member appointed in respect of any parliamentary functions assigned, delegated, or entrusted exclusively by the Minister of the Ministry or Division to which the **Parliamentary Secretary** is appointed."

**(2) Insertion of new Rules in the Rules of Procedure.-** that in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, after rule 39B, the following news rules shall be inserted, namely.-

**"39C.** The Cabinet shall collectively be responsible to the National Assembly, in accordance with Clause (6) of Article 91 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan;

**39D**. The Minister shall assume primary responsibility for the disposal of business pertaining to his or her portfolio.

**39E.** In cases of emergency, and with the prior approval of the Speaker, the Parliamentary Secretary may be allowed to assume the parliamentary functions of the Minister of the respective Ministry or Division, subject to prior intimation to the National Assembly Secretariat".

**(3) Amendment in Rule 247 of the Rules of Procedure.-** that in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, in Rule 247, in sub-rule (3) for the full stop a colon shall be substituted and thereafter the following proviso shall be added at the end namely:-

"Provided that the notice of a Parliamentary Secretary shall only lapse in respect of the ministry or division to which the Parliamentary Secretary is appointed."

**40.** **SYED RAFIULLAH** to move under sub-rule (5) of rule 293 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, that the proposed amendments be taken into consideration.

**41.** **SYED RAFIULLAH** to move that the proposed amendments in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, be adopted.

## RESOLUTIONS

**42.** **SYED RAFIULLAH** to move the following resolution:-
"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to provide inexpensive and speedy justice to the citizen across the country."

**43.** **MR. JAM ABDUL KARIM BIJAR** to move the following resolution:-
"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to regularize the services of daily wager teachers who are working under the federal government schools and colleges."

**44.** **MS. SHARMILA SAHIBA FARUQUI HASHAAM** to move the following resolution:-
"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to reduce the electricity tariffs to facilitate the textile sector."

**45.** **MR. ASIF KHAN** to move the following resolution:-
"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to provide uninterrupted electricity to residents of NA-32, Peshawar-V (Khyber Pakhtunkhwa)."

**46.** **MS. ALIYA KAMRAN** to move the following resolution:-
"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to improve the performance of Pakistan Medical and Dental Council."

## MOTIONS UNDER RULE 259

**47.** **MS. SHARMILA SAHIBA FARUQUI HASHAAM** to move the following motion:-

"This House may discuss the issue of Neelum Jhelum hydro power project.

**48.** **SYED RAFIULLAH** to move the following motion:-

"This House may discuss the situation arising out of increase in the prices of electricity in the country."

**49.** **MS. ALIYA KAMRAN** to move the following motion:-

"This House may discuss the performance of Capital Development Authority.

## DISCUSSION ON A MATTER OF URGENT PUBLIC IMPORTANCE UNDER RULE 87

**50.** **MS. ALIYA KAMRAN** to discuss a matter of urgent public importance regarding discontinuation of tax exemption to teachers and researchers, equal to 25% of tax payable on their income from salaries, same was previously allowed in terms of Income Tax Ordinance, 2001.

## MATTERS OTHER THAN POINTS OF ORDER

**51.** Raising matters under Rule 18 which are not Points of Order.

## CALLING ATTENTION NOTICE

**52.** **MS. ALIYA KAMRAN** **MR. MUHAMMAD USMAN BADINI**
**MR. NOOR ALAM KHAN** **MS. SHAHIDA BEGUM** to invite attention of the Minister for National Health Services, Regulations and Coordination to a matter of urgent public importance regarding unprecedented increase in the fees of medical colleges, causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**10th February, 2025**

**TAHIR HUSSAIN**
**Secretary General**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

## برائے اجلاس قومی اسمبلی جو منگل، ۱۱ فروری، ۲۰۲۵ء کو دوپہر دو بجے منعقد ہوگا۔

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

### توجہ دلاؤ نوٹس

۲۔ **محترمہ نزہت صادق** **محترمہ آسیہ ناز تنولی** وزیر برائے اقتصادی امور کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گی جو امریکی غیر ملکی امدادی پروگراموں کو معطل کئے جانے کے نتیجے میں صحت عامہ کی ۶۰ سے زائد ضروری سہولیات کی بندش سے متعلق ہے۔

### بلوں کا پیش کرنا

۳۔ **محترمہ شاہدہ رحمانی** تحریک پیش کریں گی کہ پاکستان تحفظ ماحولیات ایکٹ، ۱۹۹۷ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [پاکستان تحفظ ماحولیات (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۴۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گی۔

۵۔ **محترمہ شرمیلا صاحبہ فاروقی ہشام** تحریک پیش کریں گی کہ ممکنہ شریک حیات کا تھیلیسیمیا کا لازمی خون کا ٹیسٹ کروانے کی بابت احکام وضع کرنے کا بل [علاقہ دارالحکومت اسلام آباد تھیلیسیما کی اسکریننگ بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۶۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گی۔

۷۔ **ڈاکٹر نفیسہ شاہ** تحریک پیش کریں گی کہ منافع بخش کمپنیوں میں کارپوریٹ سماجی ذمہ داری کے لئے قانون وضع کرنے کا بل [کارپوریٹ سماجی ذمہ داری بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۸۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گی۔

۹۔ **رانا محمد قاسم نون** تحریک پیش کریں گے کہ آربٹ ادارہ برائے مینجمنٹ و ٹیکنالوجی کے قیام کے لئے احکام وضع کرنے کا بل [آربٹ ادارہ برائے مینجمنٹ و ٹیکنالوجی بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۱۰۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

۱۱۔ **جناب سہیل سلطان** تحریک پیش کریں گے کہ مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء اور مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [فوجداری قوانین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۱۲۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

۱۳۔ **صاحبزادہ صبغت اللہ** تحریک پیش کریں گے کہ دیوانی ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [دیوانی ملازمین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۱۴۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

۱۵۔ **جناب سہیل سلطان** تحریک پیش کریں گے کہ والدین کے تحفظ کے لئے قانون وضع کرنے کا بل [تحفظ والدین بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۱۶۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

۱۷۔ **محترمہ شاہدہ رحمانی** تحریک پیش کریں گی کہ اسلام آباد (تحفظ قدرتی مناظر) آرڈیننس، ۱۹۶۶ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [اسلام آباد (تحفظ قدرتی مناظر) (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۱۸۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گی۔

۱۹۔ جناب اسامہ احمد میلا جناب محمد مبین عارف تحریک پیش کریں گے کہ پُرامن اجتماع وامن عامہ ایکٹ، ۲۰۲۴ء میں ترمیم کرنے کا بل [پُرامن اجتماع وامن عامہ (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۲۰۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

۲۱۔ جناب نوید عامر تحریک پیش کریں گے کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کا بل [دستور (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] (آرٹیکل ۵۹) پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۲۲۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

۲۳۔ محترمہ شرمیلا صاحبہ فاروقی ہشام تحریک پیش کریں گی کہ خواتین، بچوں اور کسی بھی کمزور شخص کو گھریلو تشدد سے تحفظ، امداد اور بحالی کے لئے مؤثر نظام وضع کرنے کا بل [گھریلو تشدد (روک تھام وتحفظ) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۲۴۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گی۔

۲۵۔ جناب اسامہ احمد میلا جناب محمد مبین عارف تحریک پیش کریں گے کہ دیوانی ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [دیوانی ملازمین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] (دفعہ ۱۴) پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۲۶۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

۲۷۔ محترمہ شرمیلا صاحبہ فاروقی ہشام تحریک پیش کریں گی کہ اشاعت قوانین پاکستان ایکٹ، ۲۰۱۶ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [اشاعت قوانین پاکستان (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۲۸۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گی۔

۲۹۔ جناب اسامہ احمد میلا جناب محمد مبین عارف تحریک پیش کریں گے کہ پاکستان ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی ایکٹ، ۲۰۱۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [پاکستان ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۳۰۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

## تحریک

۳۱۔ چوہدری محمود بشیر ورک، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف تحریک پیش کریں گے کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کے بل [دستور (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] (آرٹیکل ۹۔الف) پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔ (پیش کردہ منجانب جناب امجد علی خان، رکن قومی اسمبلی)

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۳۲۔ چوہدری محمود بشیر ورک، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کے بل [دستور (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] (آرٹیکل ۹۔الف) پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک

۳۳۔ چوہدری محمود بشیر ورک، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف تحریک پیش کریں گے کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کے بل [دستور (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] (آرٹیکل ۱۹۸) پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔ (پیش کردہ منجانب جناب چنگیز احمد خان، رکن قومی اسمبلی)

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۳۴۔ چوہدری محمود بشیر ورک، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کے بل [دستور (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] (آرٹیکل ۱۹۸) پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## قانون سازی

۳۵۔ **محترمہ روبینہ خورشید عالم** تحریک پیش کریں گی کہ اراکین پارلیمنٹ (تنخواہیں و الاؤنسز) ایکٹ، ۱۹۷۴ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [اراکین پارلیمنٹ (تنخواہیں والاؤنسز) (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] سینیٹ کی جانب سے منظور کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**(علیحدہ فہرست میں درج ترمیم پیش کی جائے گی)**

۳۶۔ **محترمہ روبینہ خورشید عالم** تحریک پیش کریں گی کہ اراکین پارلیمنٹ (تنخواہیں و الاؤنسز) ایکٹ، ۱۹۷۴ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [اراکین پارلیمنٹ (تنخواہیں والاؤنسز) (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

۳۷۔ **رانا محمد قاسم نون** تحریک پیش کریں گے کہ بین الاقوامی امتحانی بورڈ کے قیام کا بل [بین الاقوامی امتحانی بورڈ بل، ۲۰۲۴ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۳۸۔ **رانا محمد قاسم نون** تحریک پیش کریں گے کہ بین الاقوامی امتحانی بورڈ کے قیام کا بل [بین الاقوامی امتحانی بورڈ بل، ۲۰۲۴ء] منظور کیا جائے۔

## قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں ترامیم

۳۹۔ **سید رفیع اللہ** قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۹۳ کے ذیلی قاعدہ (۴) کے تحت مذکورہ قواعد میں درج ذیل ترامیم پیش کرنے کی اجازت طلب کریں گے:۔

(۱) **طریق کار کے قواعد کے قاعدہ ۲ میں ترمیم:۔** کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں، قاعدہ ۲ میں،۔

(۱) ''وزیر'' کی تعریف میں عبارت ''یا وزیر کی جانب سے اسے تفویض کردہ یا سپرد کردہ کسی کام کے ضمن میں پارلیمانی سیکرٹری'' حذف کردی جائے گی۔

(۲) ''پارلیمنٹ ہاؤس'' کی تعریف کے بعد حسب ذیل نئی تعریف شامل کردی جائے گی، یعنی:۔

''پارلیمانی سیکرٹری'' سے مراد وزارت یا ڈویژن کے وزیر کی جانب سے خصوصی طور پر سپرد کردہ، تفویض کردہ یا حوالے کردہ کسی پارلیمانی فرض منصبی کے ضمن میں تقرر کردہ رکن ہے، جس کے لئے پارلیمانی سیکرٹری کی تقرری کی گئی ہے۔

(۲) **طریق کار کے قواعد میں نئے قواعد کی شمولیت:۔** کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں، قاعدہ ۳۹ب کے بعد حسب ذیل نئے قواعد شامل کردیئے جائیں گے، یعنی:۔

''**۳۹/ج۔** کابینہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۹۱ کی شق (۶) کی روشنی میں مجموعی طور پر قومی اسمبلی کو جوابدہ ہوگی؛

**۳۹/د۔** وزیر اپنے عہدہ سے متعلق انصرام کار کو نمٹانے کے لئے بنیادی ذمہ داری سنبھالے گا؛ نیز

**۳۹/ہ۔** ہنگامی صورتحال میں اور اسپیکر کی پیشگی منظوری کے ساتھ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کو پیشگی اطلاع سے مشروط پارلیمانی سیکرٹری کو متعلقہ وزارت یا ڈویژن کے پارلیمانی امور ہائے کار سپرد کرنے کی اجازت دی جاسکتی ہے۔''

(۳) **طریق کار کے قواعد کے قاعدہ ۲۴۷ میں ترمیم:۔** کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں قاعدہ ۲۴۷ کے ذیلی قاعدہ (۳) میں وقف کامل کو شرحہ سے تبدیل کردیا جائے گا اور اس کے بعد آخر میں حسب ذیل جملہ شرطیہ کا اضافہ کردیا جائے گا، یعنی:۔

''مگر شرط یہ ہے کہ پارلیمانی سیکرٹری کے نوٹس کی میعاد صرف وزارت یا ڈویژن جس کے لئے پارلیمانی سیکرٹری کا تقرر کیا گیا ہے، کے ضمن میں ختم ہوگی۔''

۴۰۔ **سید رفیع اللہ** قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۹۳ کے ذیلی قاعدہ (۵) کے تحت تحریک پیش کریں گے کہ مجوزہ ترامیم زیر غور لائی جائیں۔

۴۱۔ **سید رفیع اللہ** تحریک پیش کریں گے کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں مجوزہ ترامیم منظور کی جائیں۔

## قراردادیں

۴۲۔ **سید رفیع اللہ** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گے:۔

''اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت ملک بھر میں شہریوں کو سستا اور فوری انصاف فراہم کرنے کے لئے فوری اقدامات کرے۔''

۴۳۔ **جناب جام عبدالکریم بجار** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گے:۔

''اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت وفاقی سرکاری اسکولوں اور کالجوں میں کام کرنے والے یومیہ اجرتی اساتذہ کرام کی خدمات کو باقاعدہ بنانے کے لئے فوری اقدامات کرے۔''

۴۴۔ **محترمہ شرمیلا صاحبہ فاروقی ہشام** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گی:۔

''اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت ٹیکسٹائل شعبہ کو سہولت بہم فراہم کرنے کے لئے بجلی کے ٹیرف کم کرنے کے لئے فوری اقدامات کرے۔''

۴۵۔ **جناب آصف خان** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گے:۔

''اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت این اے۔۳۲ پشاور۔V (خیبر پختونخوا) کے رہائشیوں کو بلا تعطل بجلی فراہم کرنے کے لئے فوری اقدامات کرے۔''

۴۶۔ **محترمہ عالیہ کامران** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گی:۔

''اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت پاکستان میڈیکل و ڈینٹل کونسل کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لئے فوری اقدامات کرے۔''

## تحاریک زیر قاعدہ ۲۵۹

۴۷۔ **محترمہ شرمیلا صاحبہ فاروقی ہشام** حسب ذیل تحریک پیش کریں گی:۔

''یہ ایوان نیلم جہلم ہائیڈرو پاور پراجیکٹ کے معاملے پر بحث کرے۔''

۴۸۔ **سید رفیع اللہ** حسب ذیل تحریک پیش کریں گے:۔

''یہ ایوان ملک میں بجلی کی قیمتوں میں اضافے سے پیدا ہونے والی صورتحال پر بحث کرے۔''

۴۹۔ **محترمہ عالیہ کامران** حسب ذیل تحریک پیش کریں گی:۔

''یہ ایوان کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی کارکردگی پر بحث کرے۔''

## قاعدہ ۸۷ کے تحت فوری عوامی اہمیت کے معاملہ پر بحث

۵۰۔ **محترمہ عالیہ کامران** فوری عوامی اہمیت کے معاملہ پر بحث کریں گی جو اساتذہ اور محققین کی تنخواہوں سے ان کی آمدن پر قابل ادا ٹیکس کا ۲۵ فیصد کے مساوی ٹیکس استثنیٰ ختم کئے جانے سے متعلق ہے جس کی اس سے قبل انکم ٹیکس آرڈیننس، ۲۰۰۱ء کے تحت اجازت تھی۔

## نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات

۵۱۔ قاعدہ ۱۸ کے تحت نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات کا اٹھانا۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۵۲۔ **محترمہ عالیہ کامران** **جناب محمد عثمان بدینی** **جناب نور عالم خان** **محترمہ شاہدہ بیگم**

وزیر برائے قومی صحت خدمات، ضوابط و معاونت کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو میڈیکل کالجوں کی فیسوں میں غیر معمولی اضافہ سے متعلق ہے۔

**اسلام آباد،**
**۱۰ فروری، ۲۰۲۵ء۔**

**طاہر حسین**
**سیکرٹری جنرل**